## سوال

(66) ماہواری روکنے کےلیے رمضان گولیاں کھانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا میرے لئے جائز ہے کہ میں رمضان المبارک کے آخری حصے میں ماہواری کو روکنے والی گولیاں کھالوں تاکہ میں باقی دنوں کے روزے بھی مکمل کر سکوں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نیت نیک عمل کرنے کی ہو تو حیض کو روکنے والی دوا کھالینا جائز ہے۔ اگر آپ نے یہ ارادہ کیا کہ آپ وقت مقررہ پر روزے رکھ سکیں اور نماز باجماعت ادا کر سکیں۔ جیسا کہ نماز تراویح وغیرہ اور یہ کہ فضیلت کے ایام میں زیادہ سے زیادہ تلاوت قرآن مجید کر سکیں تو اس ارادے سے یہ گولیاں کھالینے میں کوئی حرج نہیں اور اگر آپ کا ارادہ صرف یہ ہو کہ میں روزے مکمل کرلوں تاکہ میرے ذمے روزوں کا کوئی قرض باقی نہ رہے تو میں اس کو اچھا نہیں سمجھتا گو کہ روزوں کا فرض بہر حال ادا ہو جائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ الصیام**

**صفحہ: 124**

**محدث فتویٰ**